سوال

(296) میت کے دفن کردینے کے بعد حفاظ کا سرہانے اور پائیتیں قبر پر انگلی رکھ کر قرآن پڑھنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میت کے دفن کردینے کے بعد حفاظ کا سرہانے اور پائیتیں قبر پر انگلی رکھ کر قرآن پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک ضعیف روایت میں آیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے دفن کرنے کے بعد سرہانے سورہ بقرہ کی ابتدائی آیتیں اور پائتیں ''آمن الرسول،، سے آخر تک کی آیتیں پڑھنے کی ہدایت فرمائی ہے (رواہ البیهقی فی شعب الإیمان عن عبداللہ بن عمرو قال: الصحیح أنہ موقوف) اس روایت میں قبر پر انگلی رکھنے کا ذکر نہیں ہے۔ اس لیے انگلی رکھ کر کچھ پڑھنا غیر شرعی طریقہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری]

جلد نمبر 1۔ کتاب الجنائز

صفحہ نمبر 459

محدث فتویٰ